الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name : **AHSAN**

Address : **Lahore**

Subject : **TALAQ**

Writer : شفیق اللہ

Serial No : **20540**

Date : **9/27/2013**

Contact No:

Email :

MODE: **Regular**

Assalam O Alaikum,

Mofti Shahb,

Mera naam Ahsan he ye waqiya meri kasan ke sath howa he us ke sohar ne use 3 talaqin ek martaba me or 4 gawahon ki majodghi me de din hein jab ke wo hamla he or ab unka sohar mafi maang raha he to is sorat me nikha rahe ga ya nahi or wo gaon me rehtin hien to us ke sohar ne kisi qari shahb se pocha he unhon ne kaha ne nai hoti is tarhan talaq to please mufti shahb muje ladi hi jawab de dein ALLAH HAFIZ FEE AMANILLAH .

میرانام احسان ہے یہ واقعہ میری کزن کے ساتھ ہوا ہے اس کے شوہر نے اسے تین طلاقیں ایک مرتبہ میں اور چار گواہوں کی موجودگی میں دیدی ہیں جبکہ وہ حاملہ ہے اوراب ان کا شوہر معافی مانگ رہا ہے تو اس صورت میں نکاح رہیگا یا نہیں اور وہ گاؤں میں رہتے ہیں تو اس کے شوہر نے کسی قاری صاحب سے پوچھا ہے انہوں نے کہا کہ اسی طرح طلاق نہیں ہوتی پلیز مفتی صاحب مجھے جلدہی جواب دیدیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

مذکور قاری صاحب موصوف نے مسئلہ صحیح نہیں بتایا شریعت کی نظر میں درست بات یہ ہے کہ سائل کے کزن کو جب اس کے شوہر نے ایک مرتبہ میں تین طلاقیں دیدی ہیں تو اس سے احادیث صحیحہ کی روشنی میں باجماع صحابہ وتابعین، باتفاق ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تینوں طلاقیں واقع ہو کر حرمتِ مغلظہ ثابت ہوچکی ہے اب رجوع نہیں ہوسکتا اور حلالۂ شرعیہ کے بغیر دوبارہ باہم عقدِ نکاح بھی نہیں کرسکتے جبکہ عورت ایامِ عدت، جو وضع حمل ہے (بچے کی پیدائش تک کا زمانہ ہے گزرنے کے) بعد اپنی مرضی سے کسی دوسری جگہ شادی کرنا چاہے تو کرسکتی ہے۔

فی احکام القرآن: فان طلقها فلا تحل له من بعد حتی تنکح زوجاً غیره

(قال العلامة العثمانی تحت الآیة) ای انه اذا طلق الرجل امرأته طلقة ثالثة بعد ما ارسل علیها الطلاق مرتین فانها تحرم علیه حتی تنکح زوجاً غیره ای حتی یطأها زوج آخر الخ (ج ا ص ۵۵) واللہ اعلم بالصواب

شفیق اللہ عفر اللہ له

دارالافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

۲۹/۶/۱۴۳۵ھ

۲۰۵۴۰

۱۴۳۵/۶/۳ھ

الجواب صحیح

بندہ نادر خان ...

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۲۹/۶/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح

بندہ محمد ...

دار الافتاء جامعہ بنوریہ ...

3/5/14